# وظیفہ خوشحالی

قرآن و حدیث کی روشنی میں مال و تجارت کی ترقّی کے لئے
بیش بہا مجرّب وظائف و اعمال کا حسین مجموعہ

مرتّب
مولانا سیّد ممتاز احمد شاہ

# وظیفہ خوشحالی

قرآن و حدیث کی روشنی میں مال و تجارت کی ترقّی کے لئے

بیش بہا مجربّہ وظائف و اعمال کا حسین مجموعہ

مرتّب

مولانا سیّد ممتاز احمد شاہ

دارالقلم

لاهور - پاکستان

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب : وظیفہ خوشحالی
مرتب : مولانا سید ممتاز شاہ
ناشر : دارالقلم

## ملنے کا پتہ


- رحمان پلازہ احاطہ شاہدریاں اُردو بازار لاہور۔
- 132- علی بلاک اعوان ٹاؤن ملتان روڈ لاہور۔
- اپنے کسی بھی قریبی بک سٹال سے طلب فرمائیں۔

# عرضِ مرتب

نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم اما بعد

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے جس کی توفیق سے "وظیفہ خوشحالی" منصۂ شہود پر آیا جس میں پہلی مرتبہ مستند مجرب وظائف کے ساتھ ساتھ مال و رزق بڑھانے والے اعمال واخلاق کا بھی ذکر کیا گیا ہے تاکہ صرف وظائف پڑھنے پر اکتفاء نہ کیا جائے بلکہ اللہ تعالیٰ جل شانہ اور اس کے محبوب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد فرمودہ ان اعمال و اخلاق کو بھی اختیار کرنا چاہیے جو دنیا میں خوشحالی اور آخرت میں نجات کا باعث بنتے ہیں وظیفہ خوشحالی پڑھنے والوں کو اپنی مالی ترقی کے لیے خوب کسب و محنت سے کام بھی کرنا چاہیے۔ شیخ عبدالقادر

جیلانی رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ میں کسب اور توکل کے علاوہ معاشی ترقی کا تیسرا راستہ نہیں جانتا۔ وظیفہ خوشحالی کو بطور وظیفہ بلا ناغہ روزانہ پابندی سے پڑھا جائے راقم السطور کے شیخ شاہ عبدالعزیز رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ وظیفہ اس کو کہتے ہیں جس میں ناغہ نہ ہو۔

اے اللہ اس کتابچہ کو مقبولیت نصیب فرما اور پڑھنے والوں کو خوشحالی نصیب فرما اور مرتب کے لیے توشۂ آخرت بنا۔ (آمین)۔

طالب دعا: ممتاز احمد شاہ

مدیر اعلیٰ: دارالقلم
لاہور۔ پاکستان

اُردو بازار لاہور

0333 - 4248644

# فہرست



| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | غنی (مالدار) بننے کے لیے مجرب وظیفہ | 7 |
| 2 | رزق اور مال کی ترقی کے لیے مجرب وظیفہ | 18 |
| 3 | خوشحالی کے لیے نہایت مجرب وظیفہ | 18 |
| 4 | ترقی تجارت کے لیے کامیاب وظیفہ | 20 |
| 5 | خوشحالی کے لیے مجرب وظیفہ | 20 |
| 6 | رزق بڑھانے والے اعمال واخلاق | 22 |
| 7 | تقوای سے رزق میں ترقی ہوتی ہے | 22 |
| 8 | تقوای کیا ہے | 23 |
| 9 | تقوای کے درجات | 24 |
| 10 | تقوای کی وجہ سے مصیبت سے نجات مل گئی | 24 |

| | | |
|---|---|---|
| 11 | شکر سے رزق بڑھاؤ | 26 |
| 12 | شکر کی حقیقت | 27 |
| 13 | صلہ رحمی سے رزق بڑھتا ہے | 28 |
| 14 | صلہ رحمی کی حقیقت | 29 |
| 15 | صدقہ ترقی رزق کا باعث ہے | 29 |

# غنی (مالدار) بننے کے لیے مجرب وظیفہ

خوب سن لو کہ سورۂ واقعہ بڑی بابرکت سورت ہے۔ اس کے متعلق ہمارے پیارے رسول اکرم ﷺ نے فرمایا ہے جو شخص ہر رات کو سورۂ واقعہ پڑھے گا وہ کبھی بھی فاقہ اور غربت میں مبتلا نہ ہوگا۔ ایک حدیث مبارکہ میں آتا ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما مرض الموت میں مبتلا تھے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ ان کی عیادت کے لیے تشریف لے گئے اور ان سے فرمایا کہ اگر میں تمہیں خزانہ میں سے کچھ عطا کر دوں تو کیسا ہے تو انھوں نے عرض کیا کہ مجھے اس کی ضرورت نہیں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تمہارے بعد تمہاری بچیوں کے کام آئے گا۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما نے کہا تم میری بچیوں کے

متعلق فقر و فاقہ سے نہ ڈرو کیونکہ میں نے ان سے کہا ہے کہ ہر رات کو سورۂ واقعہ پڑھ کر سویا کریں۔ میں نے خود رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو آدمی ہر رات کو سورۂ واقعہ پڑھے وہ کبھی فقر و فاقہ میں مبتلا نہیں ہو گا۔ اگر آج بھی کوئی درج ذیل آداب کی رعایت رکھتے ہوئے سورۂ واقعہ پڑھے تو وہ مالی مشکلات، مصائب سے نجات حاصل کرسکتا ہے۔

① سورۂ واقعہ کو صحیح تلفظ کے ساتھ پڑھے۔ اگر صحیح تلفظ کے ساتھ نہ پڑھ سکتا ہو تو پہلے کسی قاری قرآن سے صحیح پڑھنا سیکھ لے۔

② ہمیشہ بلا ناغہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد سورۂ واقعہ کی تلاوت کرے۔

③ صدق دل اور کامل یقین سے تلاوت کرے کہ اللہ تعالیٰ

مجھے ضرور خوشحالی کی زندگی نصیب کرے گا اس لیے کہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ جو آدمی ہر رات کو سورۂ واقعہ پڑھے گا وہ کبھی فقر وفاقہ میں مبتلا نہیں ہوگا۔

۴ سورۂ واقعہ پڑھتے وقت دنیاوی غناء (مال و دولت) کے ساتھ ساتھ غناء قلب کی بھی نیت اور ارادہ کرے۔

(سورۂ واقعہ صفحہ 10 تا 17)

## رزق اور مال کی ترقی کے لیے مجرب وظیفہ

جو شخص نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان (111) مرتبہ درج ذیل آیت کریمہ پڑھے تو اللہ اس کے مال اور رزق میں ترقی نصیب فرمائیں گے۔

اِسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَ اصْبِرُوْا ۚ اِنَّ الْاَرْضَ

لِلّٰهِ ۙ يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۗ

## خوشحالی کے لیے نہایت مجرب وظیفہ

جو لوگ غربت اور فقر و فاقہ کی زندگی سے نجات حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ درج ذیل وظیفہ ہمیشہ پابندی سے پڑھیں اللہ تعالیٰ ان کو حلال رزق سمندر کی لہروں اور ہوا کے جھونکوں سے عطاء فرمائیں گے اور وہ چند ہی دنوں

میں ان شاء اللہ خوشحال ہو جائیں۔ یہ وظیفہ ضرور پڑھیں۔

عشاء کی نماز کے بعد (313) مرتبہ یہ پڑھیں۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ

نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان (101) مرتبہ یہ پڑھیں۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

پھر اس کے بعد صرف (11) مرتبہ یہ آیت شریفہ پڑھ لیں۔

هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ڮ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝۳

## ترقی تجارت کے لیے کامیاب وظیفہ

اگر کاروبار اور تجارت میں ترقی نہ ہو رہی ہو تو نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان (141) مرتبہ درج ذیل آیت پڑھے۔ اللہ تعالیٰ دن دگنی رات چوگنی مالی ترقی نصیب فرمائیں گے۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ

تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾

## خوشحالی کے لیے مجرب وظیفہ

مولانا شاہ عبدالغنی پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ جو شخص صبح کو (70) مرتبہ پابندی سے یہ آیت پڑھا

کرے وہ رزق کی تنگی سے محفوظ رہے گا اور فرمایا کہ یہ بہت مجرب عمل ہے۔

اَللّٰہُ لَطِیْفٌۢ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ ج

وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ﴿۱۹﴾ ع

# رزق بڑھانے والے اعمال واخلاق

## تقویٰ سے رزق میں ترقی ہوتی ہے

اللہ تعالیٰ جل شانہ اور اس کے محبوب دوعالم ﷺ نے کچھ ایسے اعمال واخلاق ارشاد فرمائے ہیں جن سے رزق اور مال میں ترقی اور اضافہ ہوتا ہے۔ سب سے زیادہ اہم عمل جس سے نہ صرف رزق میں ترقی ہوتی ہے بلکہ دنیا اور آخرت کے تمام مصائب سے بھی نجات کا ذریعہ بنتا ہے وہ تقویٰ ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ﴿۲﴾

وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ

''اور جو اللہ سے ڈرتا ہے اللہ اس کے لیے

نجات کی صورت نکال دیتا ہے اور اسے رزق دیتا ہے جہاں اسے گمان بھی نہ ہو۔''

## تقوای کیا ہے؟

تقوای اللہ تعالیٰ سے ڈرنے کا نام ہے جس کی وجہ سے انسان گناہوں سے بچتا ہے اور نیک کاموں کو سر انجام دیتا ہے۔

حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما نے حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ مجھے تقوٰی کے بارے میں کچھ بتاؤ تو انھوں نے فرمایا کیا آپ کبھی خار دار راہ سے گزرے ہیں حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا ہاں اس وقت اس راہ سے کیسے گزرے آپ نے فرمایا دامن سمیٹے ہوئے گزرا ہوں۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہما نے فرمایا یہی

حال تقوای کا ہے کہ انسان دامن کو گناہوں سے بچاتا ہوا زندگی بسر کرے۔

## تقوای کے درجات

تقوای کے چھ درجات ہیں ① کفر اور شرک سے بچنا ② بدعات سے بچنا ③ کبیرہ گناہوں سے بچنا ④ صغیرہ گناہوں سے بچنا ⑤ ان مباحات (جائز چیزوں) سے بچنا جن کے استعمال یا کثرت استعمال سے کسی حرام کام میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہو۔ ⑥ مشتبہات (وہ چیزیں جن کا حلال اور حرام ہونا واضح نہ ہو) سے بچنا۔

## تقوای کی وجہ سے مصیبت سے نجات مل گئی

علامہ ابن الجوزی رحمۃ اللہ علیہ اپنا واقعہ نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ میں ایک مصیبت اور پریشانی میں مبتلا ہو گیا

اس سے نجات پانے کے لیے میں جو بھی تدبیر اور حیلہ اختیار کرتا، اس سے کچھ فائدہ نہ ہوتا بلکہ مزید پھنستا جارہا تھا تو اچانک میری نظر اس آیت مبارکہ پر پڑی۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ﴿۲﴾

وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۭ

''اور جو اللہ سے ڈرتا ہے اللہ اس کے لیے
نجات کی صورت نکال دیتا ہے اور اسے رزق
دیتا ہے جہاں اسے گمان بھی نہ ہو۔''

چنانچہ میں نے تقویٰ کو اختیار کیا اللہ تعالیٰ نے مجھے اس کی برکت سے مصیبت سے نجات نصیب فرمائی۔

## شکر سے رزق کو بڑھاؤ

اللہ تعالیٰ کے شکر گزار بندے بنو جو کچھ اور جتنا رزق اور مال اللہ تعالیٰ نے دیا ہے اس پر شکر کرو۔ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے جو شکر کرتا ہے اس کو زیادہ دیا جاتا ہے۔ فرمان الٰہی ہے:

لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَأَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ
كَفَرْتُمْ إِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ۝

"البتہ اگر تم شکر گزاری کرو گے تو اور زیادہ دوں گا اور اگر ناشکری کرو گے تو میرا عذاب سخت ہو گا۔"

# شکر کی حقیقت

نعمت کو منعم حقیقی یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے سمجھنا اور اس کو اپنی لیاقت سے زیادہ سمجھنا اور زبان سے اللہ تعالیٰ کی تعریف کرنا اور اس نعمت کا گناہوں کے کاموں میں استعمال نہ کرنا بلکہ اس نعمت کو اللہ تعالیٰ کی رضامندی میں استعمال کرنا شکر ہے۔ شکر کی حقیقت کے متعلق حضرت شبلی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ شکر دل، زبان، بدن سے ہوتا ہے۔ دل کا شکر یہ ہے کہ آپ ہر ایک کی بھلائی چاہیں کسی کے پاس نعمت دیکھ کر حسد نہ کریں۔ اللہ تعالیٰ جس حال میں رکھیں اس پر ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ'' کہنا زبان کا شکر ہے۔ بدن کا شکر اس طرح ہوگا کہ تمام اعضاء کو ان کاموں میں مصروف رکھا جائے جن سے اللہ تعالیٰ خوش

اور راضی ہوتے ہیں اور اعضاء کو گناہوں میں استعمال نہ کیا جائے اے اللہ ہمیں بھی اپنا شاکر بندہ بنا۔ (آمین)

## صلہ رحمی سے رزق بڑھتا ہے

جان لو کہ جو شخص صلہ رحمی یعنی رشتہ داروں کے حقوق ادا کرتا ہے اللہ تعالٰی اس کے رزق اور مال میں ترقی عطاء فرماتے ہیں نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے:

مَنْ اَحَبَّ اَنْ يُّبْسَطَ لَهٗ فِيْ رِزْقِهٖ وَيُنْسَاَلَهٗ فِيْ اٰثَرِهٖ فَلْيَصِلْ رَحِمَهٗ

"جو شخص اپنے رزق میں ترقی چاہتا ہو اور یہ چاہتا ہو کہ اس کی عمر بڑھ جائے تو وہ صلہ رحمی یعنی اپنے رشتہ داروں کے حقوق ادا کرے۔"

# صلہ رحمی کی حقیقت

صلہ رحمی یہ ہے کہ آپ کے رشتہ دار نہ آپ کے حقوق ادا کرتے ہیں نہ حسن سلوک سے پیش آتے ہیں بلکہ اذیت اور تکلیف پہنچاتے رہتے ہیں اس کے باوجود آپ ان کے حقوق بھی ادا کریں اور ان سے حسن سلوک سے بھی پیش آئیں۔

# صدقہ ترقی رزق کا باعث ہے

اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے مال میں سے غریب، مسکین، یتیم، محتاج ضرورت مند پر مال خرچ کرنا رزق کو بڑھاتا ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَ يُرْبِي الصَّدَقٰتِ ط

''اللہ تعالیٰ جل شانہ سود کو مٹاتے ہیں اور صدقات کو بڑھاتے ہیں۔''

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اِسْتَنْزِلُوا الرِّزْقَ بِالصَّدَقَةِ

''صدقہ کے ذریعہ اپنے لیے رزق کو حاصل کرو۔''

ایک دوسری حدیث میں آتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ روزانہ صبح کے وقت دو فرشتے (آسمان سے) اترتے ہیں ایک دعا کرتا ہے اے اللہ خرچ کرنے والے کو بدل عطاء فرما دوسرا بد دعا کرتا ہے اے اللہ روک کر رکھنے والے (یعنی خرچ نہ کرنے والے) کا مال برباد کر۔

# دار القلم کی قابل دید مطبوعات

اللہ کا ذکر: فضائل، فوائد، برکات، ثمرات

رحمت دو عالم ﷺ کی 55 نصیحتیں

تربیت اولاد کا نبوی انداز اور اس کے زریں اُصول

جنت میں لے جانے والے 55 اعمال واخلاق

پیارے بچوں کے لیے قرآن کے پیارے قصے

پیارے بچوں کے لیے پیارے نبی ﷺ کے معجزے

خواتین اسلام کے لیے تحفہ نماز

طلباء وطالبات کی علمی کامیابی کے لیے تحفہ وظائف

وقت کی قدر واہمیت علماء، صلحاء اور اولیاء اللہ کی نظر میں

گناہوں کے عذاب

نیک بیوی کی اعلیٰ صفات

رزق میں برکت کے لیے وظیفہ خوشحالی

والدین کا مقام ومرتبہ

اولیاء اللہ کی شب بیداری کے دلچسپ واقعات

70 اولیاء اللہ کی مغفرت کے عجیب واقعات

امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ (حالات، کمالات، ملفوظات)

حضرت ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ

تحفہ وظائف (طلباء وطالبات کی تعلیمی کامیابی کے لیے)


نمازیں سنت کے مطابق پڑھیے

کتابِ نماز


دین کی اشاعت، برائے ایصالِ ثواب دینی کتب چھپوا کر
تقسیم کرنے کی لیے رابطہ فرمائیں

دارُالقلم

رحمان پلازہ احاطہ شاہدریاں اردو بازار لاہور
132-علی بلاک اعوان ٹاؤن ملتان روڈ لاہور
موبائل 0333-4248644




Dar-ul-Qalam

Rehman Plaza, Ahata Shahdarrian,
Urdu Bazar, Lahore.
93-Ali Block Awan Town, Multan Road,
Lahore. Cell: 0333-4248644

دار القلم

رحمان پلازہ احاطہ شاہدریاں، اُردو بازار لاہور
93- علی بلاک اعوان ٹاؤن ملتان روڈ لاہور
موبائل 0333-4248644